# N 748

Seat No. | | | | | | | |

2022 III 30 1030 -N 748- SCIENCE AND TECHNOLOGY (72)—PART II (U)

(REVISED COURSE)

Time : 2 Hours (Pages 11) Max. Marks : 40

ہدایات :—

(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(ii) کیلکو لیٹر کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

(iii) بائیں جانب کے اعداد، سوالات کے مکمل نمبرات کو ظاہر کرتے ہیں۔

(iv) معروضی سوالات 1(A) جانچتے وقت پہلے لکھے ہوئے جواب کو ہی قبول کیا جائیگا اور پورے مارکس دیئے جائیں گے۔

(v) ہر MCQ کے نمبر کو اُس کے مناسب متبادل A, B, C, D انگریزی حرف کے ساتھ لکھیئے۔

مثلاً : (i) (A), (ii) (B), (iii) (C)

(vi) سائنسی نقطۂ نظر سے جہاں ضروری ہو وہاں مناسب نامزد شکل بنائیے۔

P.T.O.

1. (A) مناسب متبادل لکھئے : 5

(i) ہڈیوں میں ـــــــــ امینو ایسڈ موجود ہوتا ہے۔

(A) میلینین (Melanin)

(B) ہیموگلوبن (Haemoglobin)

(C) آسیّن (Ossein)

(D) انسولین (Insulin)

(ii) خطرے میں مبتلا نسلوں میں سے شیکرو گلہری ـــــــــ کی مثال ہے۔

(A) خطرے سے دو چار نسلیں (Endangered Species)

(B) نادِر نسلیں (Rare Species)

(C) حِساس نسلیں (Vulnerable Species)

(D) غیر متعین نسلیں (Indeterminate Species)

(iii) انسان ------ جماعت سے تعلق رکھتا ہے۔

(A) پستانیے

(B) جل تھلیے

(C) رینگنے والے

(D) گول منہ والے

(iv) موت کے بعد جسم کے ------ عضو کا عطیہ کیا جا سکتا ہے۔

(A) جلد

(B) دِل

(C) پھیپھڑے

(D) ہڈیاں

(v) آتش فشاں یہ ------- آفت کی مثال ہے۔

(A) سماجی

(B) سیاسی

(C) حیاتی

(D) علم الارض

(B) ذیل کے سوالات کے جوابات لکھیے : 5

(i) غیر متفرق جُز علیحدہ کیجیے :

زلزلہ، سیلاب، سونامی، جنگ۔

(ii) درج ذیل بیان صحیح ہے یا غلط لکھیے :

آکسیجن تنفس کے ذریعے پروٹین کی تکسید ہوتی ہے۔

(iii) دی گئی نسبت کو مکمل کیجیے :

مغربی گھاٹ : ایشیائی شیر :: سندر بن : -------

(iv) حرارتی برقی توانائی میں کِس قِسم کا ایندھن استعمال کیا جاتا ہے ؟

(v) ذیل میں دی گئی تصویر پہچانیے اور نام لکھئے :



.2 (A) سائنسی وجوہات لکھئے ( کوئی دو ) : 4


(i) خلیہ کی تقسیم خلیے کی اور جانداروں کی اہم خصوصیات میں سے ایک بہت ہی اہم خصوصیت ہے۔

(ii) جھینگر عائلہ جوڑ دار پیر والے (Phylum Arthropoda) سے تعلق رکھتا ہے۔

(iii) قدرتی گیس پر منحصر برقی توانائی مرکز ماحول دوست ہوتے ہیں۔

(B) ذیل کے سوالات کے جوابات لکھئے (کوئی تین) : 6

(i) درج ذیل خاکہ مکمل کیجئے:




(ii) جادو مولائی پیانگ کی کہانی سے آپ کو کیا سبق مِلتا ہے؟

(iii) جنسی افزائش اور غیر جنسی افزائش کے درمیان فرق واضح کیجئے (کوئی دو)۔

(iv) جین میں تبدیل شدہ فصلیں (G. M. crops) کی تعریف لکھئے اور دو مثالیں دیجئے۔

(v) وِٹامن سے کیا مراد ہے؟ وِٹامِن کی دو قسمیں لکھئے۔

3. ذیل کے سوالات کے جوابات لکھیئے (کوئی پانچ) : 15

(i) ذیل میں دی گئی علامات کے مطلب لکھئے :


(1)


(2)


(3)

(ii) جماعت رینگنے والے حیوانات کی کوئی تین خصوصیات لکھئے۔

(iii) (1) چیز (Cheese) کی تیاری میں کن چیزوں کا استعمال کیا جاتا ہے؟


(2) پہلے چیز کی تیاری میں کس خامرے کا استعمال کیا جاتا تھا؟

(3) نباتی چیز بنانے کے لیے کس خامرے کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(iv) (1) ذیل میں دی گئی شکل میں کونسا عمل دکھایا گیا ہے؟

(2) اِس عمل کی اہمیت کیا ہے؟


(3) اس عمل کے ذریعے کونسے اعضاء کی پیوند کاری کر سکتے ہیں؟



(v) آفات سے کیا مراد ہے؟ قدرتی آفات اور انسان کی پیدا کردہ آفات کی کوئی دو دو مثالیں دیجیے۔

(vi) ڈارون کے ''قدرتی انتخاب کا نظریہ'' کے خلاف اُٹھائے گئے اعتراضات لکھیے۔


(vii)




(1) دی گئی شکل میں کونسا عمل دِکھایا گیا ہے؟

(2) اِس عمل سے حاصِل ہونے والے ٹھوس اور مائع ایندھن کی دو دو مثالیں دیجیے۔

(viii) (1) ہوا کی توانائی کا استعمال کر کے برقی جنریٹر میں بجلی پیدا کرنے کے مراحل لکھیے۔



(2) برقی جنریٹر میں ہوا کی توانائی کی مدد سے بجلی پیدا کرنے میں مسائل لکھیے۔

4. مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے: 5

(i) (a) پھول کے لازمی گھیرے اور معاون گھیرے کی نامزد شکل بنایئے۔

(b) عملِ زیرگی سے کیا مراد ہے؟

(c) عملِ زیرگی کے فعل کو انجام دینے والے کوئی دو ذرائع کے نام لکھیے۔

(ii) آپ کیا کروگے ؟

(1) آپ اپنا زیادہ تر وقت انٹرنیٹ پر صرف کر رہے ہو۔

(2) آپ کے پڑوس کا بچہ تمباکو نوشی کا عادی ہے۔

(3) آپ کی بہن کم سخن ہوگئی ہے۔

(4) آپ نے اپنے اطراف کی کھلی جگہ کا استعمال اچھے کاموں کے لیے کرنا چاہیے۔

(5) بارھویں جماعت میں زیرِ تعلیم آپ کے بھائی کو پڑھائی کا بہت تناؤ ہوگیا ہے۔